# دعوت

## وطنی بھائیوں تک اللہ کا پیغام پہنچانا جماعت کا مشن

### وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

- پیغامِ حق سے کماحقہٗ واقفیت دی گئی — 2812 افراد
- خطاب عام، کارنر میٹنگ، قرآن پروچن وغیرہ — 659 پروگرام (استفادہ کنندگان 68075)
- ہمہ وقتی دعاۃ (دعوت کا کام کرنے والے) — 3 عدد
- پوسٹل لائبریری (اسلام درشن کینڈر) — 1 (استفادہ کنندگان 262)
- انفرادی واجتماعی دعوتی ملاقات — 268438
- تقسیم قرآن مجید — 109
- غیر مسلم خاندانوں سے ربط — 471 خاندان
- تقسیم کتب، کتابچے، فولڈرس — 499650
- سمپوزیم — 3 عدد (تعداد شرکاء 520)
- غیر مسلموں کے لیے دعوتی اجتماعات — 25 (استفادہ کنندگان 538)

### داعیان و مقررین کی تیاری :

الحمدللہ حلقہ میں 80 / مرد اور 20 / خواتین کو داعی بنا کر تیار کرنا تھا۔ مختلف کیمپس کے ذریعے 350 مرد اور 150 خواتین کو داعی اور مقرر کی حیثیت سے تیار کیا گیا۔ مہم ''اسلام سب کے لئے'' میں ہزاروں ارکان وکارکنان (مردوخواتین) نے فیلڈ میں انفرادی اور اجتماعی دعوتی کام انجام دیا۔


### آدیواسیوں میں کام :

جناب حبیب خان تڑوی (فارغ کارکن) نے ان تین ماہ میں 73 / دنوں میں 54 / مقامات کا دورہ کیا۔ اس دوران 300 / تڑوی بھائیوں اور بہنوں سے انفرادی ملاقاتیں کیں۔ 88 تڑوی فیملیز سے ملاقاتیں کی گئیں۔ ان ملاقاتوں میں ان کو دین کی باتیں بتائی گئیں اور مسلمان ہونے کا احساس دلایا گیا۔ 11 / افراد کے علاج و معالجہ کے لئے اسپتال پہنچایا گیا۔ ضرورت مندوں کی مالی مدد کی گئی۔ مہم اسلام سب کے لئے کے موقع پر 20 سے زائد کارنر میٹس لی گئی۔ عمائدین سے ملاقاتیں کی گئیں۔ 4 خاندانوں کے تنازعات کو حل کیا گیا۔ ایک میڈیکل کیمپ لگایا گیا جس سے 153 / افراد نے فائدہ اٹھایا۔ فیض پور کے رفقاء نے تعاون کیا۔

## مقامات پر پبلک قرآن پروچن :

اس میقات میں جن دس مقامات پر پبلک قرآن پروچن لیناطئے کیا گیا تھا الحمدللہ وہ نشانہ پورا ہوا۔اس کے علاوہ دیگر کئی مقامات پر پبلک قرآن پروچن ہوئے ۔ یہ سلسلہ جاری ہے۔






## حلقه کی دعوتی ویب سائٹس:

حلقہ کی جانب سے دو دعوتی ویب سائٹس کارفرما ہیں ۔اسلام ویژن انگریزی ویب سائٹ پر 3770 /افراداور اسلام درشن مراٹھی ویب سائٹ پر 2412 /افراد نے وزٹ کی ۔ یہ ویب سائٹ انگریزی 4962 صفحات اور مراٹھی 8724. صفحات پر مشتمل ہیں ۔ 147 عدد آرٹیکلس اور 32 /احادیث اپ لوڈ کیے گئے ۔

## برادرانِ وطن کی اہم شخصیات سے ملاقاتیں :

دوران مدت برادران وطن کی 18 درج ذیل اہم شخصیت سے ملاقات ہوئیں:

- ☆ اناہزارے صاحب، راڑے گن سدھی
- ☆ پولس کمشنر پونے
- ☆ Dy.S.P ہنگولی
- ☆ جناب دیپ چندشندے، ناگپور
- ☆ جناب بنسوڑ صاحب، P.I راجورہ
- ☆ جناب انل واگدرکر، مراٹھا سیوا سنگھ، بلارشاہ
- ☆ جناب پوپٹ راؤ پوار، ہیورے بازار
- ☆ جناب بابوراؤ گروو، تاس گاؤں
- ☆ جناب اوم پرکاش مشرا، ناگپور
- ☆ پاپڑ کرسر، راجورہ
- ☆ ڈاکٹر منگھاٹے R.M.O چندرپور
- ☆ جناب ایکناتھ سالوے Ex-MLA
- ☆ جناب جئے سنگھ راؤ پوار، کولہاپور
- ☆ ایس ۔پی ۔جل گاؤں
- ☆ جناب وجئے شندے، ناگپور
- ☆ جناب انل ٹھاکروار، راجورہ
- ☆ ڈاکٹر پی.ایم مرامی، چندرپور
- ☆ انل دیشمکھ MLA لاتور

## اسلامک دعوۃ اینڈ انفارمیشن سینٹر:

جماعت اسلامی ہند پونہ مناسب عمارت اور افراد کے حصول کے لئے کوشاں ہے۔ تفصیلی منصوبہ بن چکا ہے۔مہم کے دوران اسلامک دعوۃ سینٹر حیدرآباد کا ٹول فری نمبر دیا گیا تھا۔الحمدللہ مہم کے دوران، اور بعد میں بھی سیکڑوں وطنی بھائیوں کے فون آتے رہے۔

## وطنی بھائیوں کے اجتماعات ، تقاریب ، اداروں میں مراٹھی مقررین کے خطابات:

جناب ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے شری گوندا، لاتور، بلڈانہ، ناسک، ممبئی (بھانڈوپ)، ہنگا (ضلع احمد نگر)، احمد پور (ضلع لاتور)، جل گاؤں، جاؤلہ (جام کھیڑ)، شرور، ہنگولی، سوپا، بابھل گاؤں، کرجت، MIT پونے، دیونی، ناندیڑ، جھمبلے (ضلع احمد نگر)، پرلی، مکھیڑ (ضلع ناندیڑ)، ایوت محل، ڈکسل، بیڑ مقامات پر لکچر سیریز میں بالترتیب مہم کا لانچنگ پروگرام، لڑکیوں کا ماؤں کے پیٹوں میں قتل، قرآن مانو تا پُرن دھرم گرنتھ، لنگایت سماج کا پروگرام، شیو جینتی مہم کا فالو اپ، عمرہ اور اس کی حقیقت، اسلام شانتی کا سندیش، اسلام برائے امن و بھائی چارہ، کالج، پولس اسٹیشن، پولس ٹریننگ کالج، اخلاقی بگاڑ کے اسباب اور علاج، میڈیکل خدمات اور اخلاقیات وغیرہ عنوانات پر خطابات کیے۔ان خطابات کے ذریعے 40,000 تا 45,000 افراد تک دعوت پہنچی۔

جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب راہوری، ٹاکلی میاں، شرڈی، شری رام پور، پونہ، نیز لوکل چینل پر دو انٹرویو (گئو ونش ہتھیا بندی کی مخالفت میں)، نیز مراٹھی میں خطبہ نکاح اور دیگر پروگرام میں شریک ہوئے۔تقریباً 10,000 تا 15,000 افراد مستفید ہوئے۔

## VIP's سے ملاقاتیں:

جماعت اسلامی ہند شعبہ دعوت کے وفد نے ستارا، سانگلی، میرج، کولہاپور اور کراڈ کا دورہ کیا۔اس میں ڈاکٹر جے سنگھ راؤ پوار سے ملاقات ہوئی۔اسلام کے سلسلے میں مختلف موضوعات پر موصوف سے گفتگو ہوئی۔نفقہ مطلقہ، مسلم پرسنل لاء، مسلم ستیہ شودھک منڈل، وغیرہ کے سلسلے میں 2 گھنٹے تک گفتگو رہی۔آنجہانی گوند پانسرے کے گھر جا کر ان کی اہلیہ کی عیادت کی گئی اور لڑکی سے تعزیت کی گئی۔ساتھ ہی ان کے کیڈر سے ملاقات کی گئی۔ڈاکٹر بی.ایم ہرڈیکر صاحب نے خصوصی طور پر ملاقات کے لئے بلایا تھا،لیکن عین وقت پر انہیں کسی ضروری کام سے باہر جانا پڑا اس لئے ان سے ملاقات نہیں ہوسکی۔اسی طرح ڈاکٹر بابوراؤ گرو و سے بھی ملاقات نہ ہوسکی۔کراڈ میں رفقاء کی نشست لی گئی۔ستارا میں حاجی عبدالرحمٰن کچھی اور ان کی NGO کے رفقاء سے ملاقات کی گئی۔''اسلام سب کے لئے'' مہم کے تناظر میں جماعت کی دعوتی خدمات نیز پورے مہاراشٹر میں ہونے والی سرگرمیوں کو پیش کیا گیا۔کولہاپور میں نسیمہ ہرزک صاحبہ سے بھی ملاقات ہوئی۔یہ خاتون پیروں سے معذور ہے، اور معذوروں کے لئے بہت بڑی NGO چلاتی ہیں۔وہاں پر سیکڑوں معذور بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

## نو مسلموں کی تربیت گاہ:

- نو واردین سینٹر میں دوران مدت 6 مرد اور 2 خواتین نیز ریاست کے دیگر مقامات پر 2/افراد اس طرح مجموعی طور پر 10/افراد زیر تربیت رہے۔دوران مدت ریاست میں رفقائے جماعت کی کوششوں کے نتیجے میں 15 مرد اور 10 خواتین مشرف بہ اسلام ہوئیں۔
- نو واردین سینٹر کا اورنگ آباد میں قیام اور تربیتی سرگرمیوں کی رپورٹ:

الحمدللہ اورنگ آباد میں نو واردین کے دو سینٹر قائم ہیں۔لال مسجد کیمپس میں مردوں اور ایک کرایہ کے فلیٹ میں خواتین کی تربیت کا اہتمام ہے۔فی الوقت 6 نوجوان اور ایک خاتون زیر تربیت ہیں۔اس کے علاوہ مرکز اسلامی میں بھی ایک خاتون کی تربیت جاری ہے۔مرد و خواتین کی تعلیم و تربیت کے لئے الگ الگ مربیّان اور مربیات خدمات انجام دے رہے ہیں۔

## موبائل بک وین:

ان تین مہینوں میں موبائیل بک وین نے ریاست کے 43 مقامات کا دورہ کیا۔اس دوران 1,06,375 روپیوں کی کتابیں فروخت ہوئیں۔

شنے گاؤں کے مقام پر جناب مدن میوہ لال گپتا نامی ایک شخص نے اپنے پیروں سے جوتے نکال کر انتہائی ادب کے ساتھ قرآن مجید اور حضورؐ کی سیرت پر کتابیں خریدیں۔قرآن کو سر پر رکھا اور کہا کہ اس کی مجھے برسوں سے تلاش تھی۔ چوپڑا مقام پر سمبھاجی بریگیڈ کے تعلقہ صدر سنجو ہیرامن سونو نے پاٹل نے وین کا افتتاح کیا۔ دو گھنٹے تک وین کے پاس رکے رہے۔ان کی وجہ سے کافی لوگوں نے کتابیں خریدیں۔

### مقامی جماعتوں کا جائزہ :

دوران مدت شعبہ دعوت کے ذمہ داران نے درج ذیل مقامات کا دورہ کر کے جائزہ لیا۔

☆ جل گاؤں ☆ دھولیہ ☆ مالیگاؤں ☆ بھساول ☆ فیض پور ☆ جامنیر

☆ کراڈ ☆ کھام گاؤں ☆ آکولہ ضلع ☆ پونے ☆ میرج ☆ کولہاپور

### دعوتی مہم ''اسلام سب کے لیے'' کا اہتمام:

حلقہ مہاراشٹر کے میقاتی منصوبے کے مطابق ریاست گیر دعوتی مہم ''اسلام سب کیلئے'' کا 9 تا 18 / جنوری 2015 کو اہتمام کیا گیا۔

### دیگر سرگرمیاں:

مہم کے جائزے نیز فالواپ کے لئے مقامات کے دورے:

شعبہ دعوت کے ارکان کو مہم کے جائزے اور فالواپ کیلئے رفقاء کو تیار کرنے کے سلسلے میں درج ذیل افراد نے دورے کیے۔

- جناب ڈاکٹر اکرام خان صاحب (ممبئی میٹرو، کوکن)
- جناب امتیاز شیخ صاحب (پونے، کولہاپور، ستارا، شولاپور، احمد نگر)
- جناب عبدالمجیب مومن صاحب (اودگیر، ناندیڑ، لاتور، بیڑ، عثمان آباد)
- جناب عبدالواجد قادری صاحب (اورنگ آباد، جالنہ، پربھنی، ہنگولی)
- جناب محمد سمیع صاحب (جل گاؤں، دھولیہ، ناسک، نندوربار، امراوتی، ایوت محل، آکولہ، واشم، بلڈانہ)
- جناب ڈاکٹر عمر کہاڑے صاحب (وردھا، ناگپور، بھنڈارہ، گوندیا، چندرپور، گڑھ چرولی)

جناب محمد سمیع صاحب نے اس سلسلے میں جل گاؤں، بھساول، فیض پور، دھولیہ، مالیگاؤں کا دورہ کیا۔ جناب امتیاز شیخ صاحب نے پونے، کراڈ، میرج، کولہاپور کا دورہ کیا۔

### دورے اور خطوط وغیرہ :

- سکریٹری شعبہ دعوت نے 50 یوم میں 21 مقامات کا دورہ کیا اور 84 / ایام فارغ کیے، ڈاکٹر اکرام خان صاؔب نے 25 دن میں 25 مقامات، امتیاز شیخ صاؔب نے 16 یوم میں 14 مقامات، محمد عمر کہاڑے صاؔب نے 12 یوم میں 12 مقامات، عبدالرحمٰن آکولے صاؔب نے 02 یوم میں 02 مقامات، عبدالواجد قادری صاؔب نے 12 یوم میں 12 مقامات، عبدالمجیب دیونیکر صاحب نے 12 یوم میں 12 مقامات، ڈاکٹر سید رفیق صاحب نے 38 یوم میں 35 مقامات، حبیب خان صاحب نے 73 یوم میں 54 مقامات، نوشاد عثمان خان صاحب نے 10 یوم میں 10 مقامات، جناب حقانی صاحب نے 10 یوم میں 10 مقامات، اس طرح بحیثیت مجموعی شعبہ کے ذمہ داران نے 294 یوم فارغ کیے اور 207 مقامات کا دورہ کیا۔
- دوران مدت شعبہ کی جانب سے 10 عدد خطوط و مراسلے اور 15 عدد سرکولر جاری کیے گئے۔